محاورے اور ضرب الامثال

تصاویر: شیریں سیّد
مرتبہ: نشاط نقوی

فہرست

ایک انار سو بیمار

معنی: مانگ کے مقابلے میں چیز کم ہونا۔

استعمال: گرمی سے پریشان بچوں کے لئے شربت کا ایک گلاس سو بیماروں میں ایک انار کی طرح تھا۔ سب ہی اس کی طرف لپکے۔

اپنے منہ میاں مٹھو بننا

معنی: اپنی تعریف خود کرنا۔

استعمال: انور کو اپنے منہ میاں مٹھو بننے کی عادت ہے۔ ہر ایک سے کہتا پھرتا ہے کہ "سب سے اچھی تقریر میں کرتا ہوں۔"

اونٹ کے منہ میں زیرہ

معنی: ضرورت کے حساب سے بہت کم مقدار میں ہونا۔

استعمال: اتنے بڑے مجمع میں تقسیم کرنے کے لئے مٹھائی کا ایک ڈبا ایسا ہی تھا جیسے اونٹ کے منہ میں زیرہ۔

نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی

معنی: ساری زندگی گناہ کر کے نیکی کا جھوٹا اظہار کرنا۔

استعمال: ملک کے مشہور اسمگلر نے فلاحی ادارے قائم کرنے کا اعلان کیا تو لوگوں نے بڑا مذاق اڑایا کہ نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی۔

اب پچھتاوت ہوت کیا جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

معنی: بروقت تدبیر نہ کی تو بعد میں افسوس بیکار ہے۔

استعمال: فیل ہونے پر سعید افسوس کر رہا تھا تو ابو نے کہا کہ پہلے محنت کرتے تو بات تھی، اب پچھتاوت ہوت کیا جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے

معنی: صحبت کا اثر ضرور پڑتا ہے۔

استعمال: فیض نے جمال کی دیکھا دیکھی پڑھائی چھوڑ دی۔
سچ ہے خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔

گھوڑے بیچ کر سونا

معنی: بہت گہری اور بے فکری کی نیند سونا۔

استعمال: چوکیدار اس طرح گھوڑے بیچ کر سویا کہ اس کو خبر ہی نہ ہوئی اور چوروں نے گھر کا صفایا کر دیا۔

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے

معنی: صحبت کا اثر ضرور پڑتا ہے۔

استعمال: فیض نے جمال کی

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا

معنی: ایک رکاوٹ ختم ہوتے ہی دوسری رکاوٹ پیدا ہونا۔

استعمال: اسلم اسکول کے لئے روانہ ہوا تو گاڑی خراب ہوگئی ۔ جوں توں کرکے گاڑی ٹھیک ہوئی تو بیچارا آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا، ٹریفک میں ایسا پھنسا کہ وقت پر نہ پہنچ سکا۔

بھیگی بلی بننا

معنی: خود کو مسکین اور معصوم ظاہر کرنا۔

استعمال: سیما بے حد شرارت کر رہی تھی لیکن امی کی آواز سن کر بھیگی بلی بن گئی جیسے اس نے کچھ کیا ہی نہ ہو۔

آستین کا سانپ

معنی: منہ پر دوستی اور دل میں دشمنی رکھنا۔

استعمال: ساجدہ بظاہر نسیمہ سے دوستی جتاتی تھی لیکن عدالت میں آستین کا سانپ بن کر اس کے خلاف جھوٹی گواہی دے آئی۔

باغ باغ ہونا

معنی: حد سے زیادہ خوش ہونا۔

استعمال: اکبر کے اول آنے کی خبر سن کر اس کے ابا کا دل باغ باغ ہو گیا۔

گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرہ

معنی: نا اہل کو بڑا رتبہ ملنا۔

استعمال: دفتر کے کاموں میں لاپرواہی اور نا اہلی کے باوجود جب اسلم کو مینجر بنادیا گیا تو سب نے کہا "گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرہ۔"

اپنی گلی میں کتا بھی شیر

معنی: اپنے علاقہ میں بزدل کا مقابلہ پر آنا۔

استعمال: سلیم اسکول میں دبکا بیٹھا رہتا تھا لیکن جب اس کے دوست گھر آتے تو ان پر رعب جماتا کیونکہ اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے۔

بلی کے خواب میں چھیچھڑے

معنی: اپنے مطلب کی بات سوچنا۔

استعمال: امی کے ہاتھ میں کپڑوں کا تھیلا دیکھ کر زیبا نے پوچھا "امی کیا میرے لئے گڑیا لائی ہیں؟" امی نے ہنس کر کہا "کیا خوب! بلی کے خواب میں چھیچھڑے ہی چھیچھڑے۔"

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا

معنی: موقع کی مناسبت سے بدل جانا۔

استعمال: حامد جب الیکشن جیتا تو اسد نے بھی گرگٹ کی طرح رنگ بدلا اور تمام اختلافات کے باوجود اس کی ہاں میں ہاں ملانے لگا۔

اندھوں میں کانا راجا

معنی: بے ہنر کے مقابلے میں اناڑی کا قابل سمجھا جانا۔

استعمال: گاؤں میں ڈاکٹر نہ ہونے کی وجہ سے کمپاؤنڈر اندھوں میں کانا راجا بن گیا اور مریضوں کو الٹی سیدھی دوائیں دینے لگا۔

چور کی ڈاڑھی میں تنکا

معنی: خطا کار کا جرم اس کی گھبراہٹ سے ظاہر ہونا۔

استعمال: امی کے پوچھنے پر جب حسن بار بار منہ صاف کرنے لگا تو سب سمجھ گئے کہ چور کی ڈاڑھی میں تنکا ہے۔ ضرور سلمیٰ کے حصے کی مٹھائی اسی نے کھائی ہے۔

سر چڑھانا

معنی: لاڈ پیار میں بگاڑنا۔ غیر ضروری چھوٹ دینا۔

استعمال: نفیسہ بیگم نے اکلوتے بیٹے کو لاڈ پیار میں اتنا سر چڑھایا کہ وہ بچوں سے لڑتے لڑتے اب بڑوں سے بھی بدتمیزی کرنے لگا ہے۔

سبز باغ دکھانا

معنی: لالچ دے کر دھوکا دینا۔

استعمال: رشید نے ساجد کو کاروبار میں منافع کے سبز باغ دکھا کر ساری رقم ہڑپ کر لی۔

بغل میں بچہ شہر میں ڈھنڈورا

معنی: قریب پڑی ہوئی چیز کو ہر جگہ تلاش کرنا۔

استعمال: ابا نے ہنس کر امی سے کہا "بغل میں بچہ شہر میں ڈھنڈورا۔ چابیوں کا گچھا بٹوے میں پڑا تھا اور آپ سارے گھر میں تلاش کر رہی تھیں۔"

منہ میں پانی بھر آنا

معنی: لالچ پیدا ہونا۔

استعمال: نائلہ کے ہاتھوں میں حلوے کا پیالا دیکھ کر فرح کے منہ میں پانی بھر آیا۔

کباب میں ہڈی ہونا

معنی: دو افراد کے درمیان بیجا دخل دینا۔

استعمال: رضیہ باجی کی سہیلی جب بھی ان کے یہاں ملنے آتی ہیں ننھا ساجد کباب میں ہڈی بن کر ان کے درمیان جا بیٹھتا ہے۔

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا

معنی: مغرور ہونا۔ چڑچڑا ہونا۔

استعمال: چاچا ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتے، ذرا ذرا سی بات پر خفا ہو جاتے ہیں۔

محاورے اور ضرب الامثال

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
چھٹا ایڈیشن : جون 2004
تعداد : 3,000
مطبع : ہمدرد پرنٹنگ پریس

ہم Fujifilms Pakistan (Pvt.) Ltd. کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے اس کتاب کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔

اس کتاب کی نیجرز گائیڈ بک گروپ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

BG U 2004-10 (6)
ISBN 969-8129-07-3

قیمت